USDA امریکی محکمہ زراعت

فارم سروس ایجنسی

# کورونا وائرس کی وباء میں غذائی امداد کا پروگرام 2



**یو ایس اے (امریکی محکمہ زراعت) کورونا وائرس کی وباء میں غذائی امداد کے پروگرام 2 (سی ایف اے پی 2) کے ذریعے اپنے ملک کے کسانوں اور مویشی مالکان کو نہایت اہم مدد فراہم کر رہا ہے۔ سی ایف اے پی 2 اُن زرعی پیداکاروں کو اہم نوعیت کی مالی معاونت مہیا کرتا ہے جو کوویڈ 19 کے باعث منڈی کی سرگرمیوں میں رکاوٹوں اور ان سے وابستہ نقصانات کا سامنا کر رہے ہیں۔**

## عمومی جائزہ

یو ایس ڈی اے کوویڈ - 19 کے باعث منڈی کی سرگرمیوں میں خلل سے متاثر ہونے والے کسانوں، مویشی مالکان اور پیداکاروں کو وباء کے دوران پیداکاروں کی مدد کے اقدام کے ذریعے اضافی مالی معاونت کی فراہمی کا آغاز کرے گا۔ سی ایف اے پی 2 کے لیے درخواست دینے کی ابتدائی مدت 11 دسمبر، 2020 کو ختم ہوئی۔

یو ایس ڈی اے نے سی اے ایف پی 2 میں شمولیت کے لیے درخواستوں کی وصولی کا سلسلہ 5 اپریل 2021 سے دوبارہ شروع کیا جو کم از کم 60 یوم تک جاری رہے گا۔ درخواستیں وصول کرنے کی آخری تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

## اہلیت

مخصوص زرعی اجناس کے ایسے پیداکار (افراد یا قانونی حیثیت کے حامل ادارے) جو منڈی کی سرگرمیوں میں خلل اور اس سے وابستہ نمایاں نقصانات کا سامنا کر رہے ہیں وہ سی ایف اے پی 2 کے تحت رقوم کے حصول کے اہل ہیں۔

**رقوم کے حصول کا اہل ہونے کے لیے کسی فرد یا قانونی حیثیت کے حامل ادارے کے لیے لازم ہے کہ:**

مالی سال 2016، 2017 اور 2018 میں کٹوتیوں کے بعد اس کی اوسط مجموعی آمدنی 900,000$ سے کم ہو، یا

وہ کٹوتیوں کے بعد اپنی مجموعی آمدنی کا 75 فیصد کھیتی باڑی، مویشی پالنے یا جنگلات سے متعلق سرگرمیوں سے حاصل کرتا ہو۔

**افراد اور قانونی حیثیت کے حامل اداروں کے لیے لازم ہے کہ:**

- وہ اس ذیل میں آنے والی اجناس کو تجارتی پیمانے پر پیدا کرتے ہوں
- درخواست دیتے وقت زرعی کاروبار سے وابستہ ہوں
- 'انتہائی اتلاف پذیر زمین اور دلدلی زمین کے تحفظ' کے ضوابط میں دی گئی شرائط پوری کرتے ہوں جنہیں عام طور پر تحفظ کی تعمیلی شرائط کہا جاتا ہے۔
- غیر ملکی فرد ہونے کی صورت میں وہ شخص زرعی سرگرمیوں کے لئے زمین، سرمایہ اور معقول تعداد میں متحریک افرادی قوت مہیا کرتا ہو، اور درخواست گزار ممنوعہ مواد (منشیات) کے استعمال کا مرتکب نہ ہوا ہو ایسے معاہدے کے تحت اُگائی جانے والی اجناس جس میں اُگانے والے کے پاس ان کی ملکیت ہو اور جن اجناس کی پیداوار میں نقصان کا اندیشہ ہو وہ سی ایف اے پی 2 کے تحت مالی امداد کے حوالےسے قابل ادائیگی اجناس کی ذیل میں آتی ہیں۔

## قابل ادائیگی اجناس

سی ایف اے پی 2 کے تحت کی جانے والی ادائیگیاں تین اقسام کی اجناس سے متعلق ہوں گی۔

1. درآمدی اشیا کی قیمت کا مقابلہ کرنے کے لیے مقرر کردہ مخصوص نرخوں والی اجناس
2. معین نرخ والی فصلیں، اور
3. قابل فروخت اجناس

### درآمدی اشیا کی قیمت کا مقابلہ کرنے کے لیے مقرر کردہ مخصوص نرخوں والی اجناس

ایسی اجناس کی قیمتوں میں 13 تا 17 جنوری 2020 اور 27 تا 31 جولائی 2020 کے ہفتے کے مقابلے میں 5 فیصد یا اس سے زیادہ کمی آئی۔

یہ اجناس درج ذیل ہیں:

- جو
- مکئی
- جوار
- سویابین
- سورج مکھی
- گرم علاقوں میں پیدا ہونے والی کپاس
- گندم (تمام درجوں والی)
- برائلر
- انڈے
- تیز ی سے نشوونما پانے والے مویشی
- دودھ کی مصنوعات
- سور
- میمنے اور بھیڑیں

### معین نرخ والی فصلیں

یہ ایسی فصلیں ہیں جو یا تو قیمتوں میں 5 فیصد کمی کی شرط پر پورا نہیں اترتیں یا ان کی قیمتوں میں تبدیلی کے بارے میں جاننے کے لیے اعدادوشمار دستیاب نہیں ہیں۔ معین نرخ والی فصلیں درج ذیل ہیں، البتہ یہ فہرست اس سے زیادہ طویل ہو سکتی ہے:

- برسیم
- امرناتھ بیج
- سیاہ گندم
- کینولا
- لمبی خام کپاس
- بند گوبھی
- این کورن گندم
- ایمیر گندم
- السی
- گوار (پھلیاں)
- بھنگ
- نیل
- صنعتی چاول
- کناف
- باجرہ
- خراسانی گندم
- رائی
- جئی
- مونگ پھلی
- کوئینو
- تلی کے بیج
- زعفران کاذب
- تِل
- چارے کے طور پر استعمال ہونے والی گندم
- گنا
- چقندر
- میٹھے چاول
- افریقی گندم
- ٹریٹیکیل گندم
- جنگلی چاول

### قابل فروخت اجناس

قابل فروخت اجناس میں درج ذیل اشیا شامل ہیں:

- پھل اور سبزیاں
- منضبط ماحول میں اُگائی گئی آبی نباتات
- نرسری میں اُگائی جانے والی فصلیں اور پھول
- دیگر مویشی (اس میں نسل کشی کے لیے استعمال ہونے والی مویشی شامل نہیں) جو درآمدی اشیا کی قیمت کا مقابلہ کرنے کے لیے مخصوص نرخوں والی اشیا کی ذیل میں نہ آتے ہوں اور جنہیں خوراک، ریشے، پوستین یا پروں کے حصول کے لیے پالا جائے۔
- تمباکو
- بکری کا دودھ
- آبی نیولے (بشمول کھالیں)
- انگورا بکری کی اون
- مرغی کے چوزے
- گھاس کے تختے
- اون، اور
- دیگر اجناس

اس ذیل میں آنے والی تمام اجناس کی فہرست حاصل کرنے کے لیے farmers.gov/cfap پر وزٹ کیجیے۔

## ٹھیکے پر پیدا کی جانے والی اجناس

خاص طور پر ٹھیکے پر پیدا کی جانے والی اجناس میں درج ذیل اشیا شامل ہیں:



- برائلر
- مرغی کے چوزے
- تجارتی پیمانے پر انڈوں کے حصول کے لیے پالی جانے والی مرغیاں، پرندے اور دیگر جانور
- ٹرکی
- مرغی کے انڈے
- سور

## ناقابل ادائیگی اجناس

برسیم کے علاوہ دیگر اقسام کا چارہ اور مویشیوں کے چرنے کے لیے پیدا کی جانے والی فصلیں سی ایف اے پی 2 پروگرام کی ذیل میں نہیں آتیں اور یہ فصلیں اُگانے والوں کو سی ایف اے پی 2 کے تحت امدادی رقوم کی ادائیگی نہیں کی جائے گی۔ زمین کی زرخیزی بڑھانے کے لیے اگائی جانے والی فصلیں اور ایسی کھڑی فصلیں بھی اس میں شامل نہیں ہیں۔

سی ایف اے پی 2 کی ذیل میں نہ آنے والی اجناس درج ذیل ہیں تاہم یہ تعداد اس سے زیادہ بھی ہو سکتی ہے:

- برڈز فُٹ اور تپتیا پودا
- تپتیا گھاس
- زمین کے تحفظ کے لیے کاشت کی جانے والی فصل
- فصل کی تیاری کے لیے خالی چھوڑی گئی زمین
- بروا کا چارہ
- سویابین کا چارہ
- باغات (تجارتی و گھریلو)
- گھاس
- کوچیا (پروسٹراٹا)
- لیسپیڈیزا پھلیاں
- شیر گیاہ
- ملا جلا چارہ
- کھال (آبی نیولے کی کھال شامل نہیں)
- متعدد موسموں کی مونگ پھلی
- زرگل منتقل کرنے والے پودے اور پھول
- سن کا پودا
- ایسی تمام فصلوں کے بیج
- موٹھ

## ادائیگیاں

سی سی سی فنڈز کے ذریعے پیداکاروں کو منڈی کی سرگرمیوں میں خلل سے ہونے والے نقصان کا جزوی ازالہ کیا جائے گا اور انہیں ایک مزید باضابطہ مارکیٹنگ نظام کی جانب منتقلی میں مدد فراہم کی جائے گی۔ سی سی سی چارٹر ایکٹ کے تحت مختص مالی وسائل سے تمباکو کی فصل کی معاونت نہیں کی جا سکتی، تاہم تمباکو سی ایف اے پی 2 کی ذیل میں رہے گا جس کے لیے وہ بقیہ مالی وسائل استعمال میں لائے جائیں گے جن کی منظوری اوسی اے آر ای ایس قانون کے ذریعے دی گئی ہے۔ سی ایف اے پی 2 کے لیے تمباکو کی ذیل میں کسی طرح کی تبدیل شدہ یا نئی درخواستوں پر ادائیگیاں مختصر مدت کے لیے معطل رہیں گی۔

## درآمدی اشیا کی قیمت کا مقابلہ کرنے کے لیے مقرر کردہ مخصوص نرخوں والی اجناس

جو، مکئی، سُرغو، سویابین، سورج مکھی، گرم علاقوں میں پیدا ہونے والی کپاس اور گندم (تمام درجوں والی) کے لیے ادائیگیاں 2020 کے ضوابط کے تحت کم از کم مخصوص علاقے پر فصل کی کاشت کی بنیاد پر ہوں گی جیسا کہ فارم ایف ایس اے-578 پر ایف ایس اے کو بتایا گیا ہے، اس میں ممنوعہ پودوں کی کاشت اور تجرباتی طور پر لگائی جانے والی فصلیں شامل نہیں ہیں۔

درآمدی اشیا کی قیمت کا مقابلہ کرنے کے لیے مقرر کردہ مخصوص نرخوں والی اجناس کے لیے ادائیگیاں:
1۔ قابل ادائیگی زمین (ایکڑوں) پر 15 ڈالر فی ایکڑ کے حساب سے ہوں گی۔
2۔ قابل ادائیگی زمین (ایکڑوں) کو فصلوں کی مارکیٹنگ کی قومی اوسط سے ضرب دے کر حاصل ضرب کو مخصوص فصلوں کے لیے ادائیگی کی شرح کے مطابق اور 2020 کے ضوابط کے تحت پیداکار کی ماضی میں حقیقی پیداوار (اے پی ایچ) کو مدنظر رکھتے ہوئے معاوضہ طے کیا جائے گا۔ اگر پیداکار کی ماضی میں پیداوار کا ریکارڈ دستیاب نہ ہو تو 2019 کے رسک کوریج-کاؤنٹی آپشن (اے آر سی-سی او) کے تحت اس فصل کی معیاری پیداوار کو سامنے رکھتے ہوئے فیصلہ کیا جائے گا۔

| جنس | ماپنے کا پیمانہ | فصل کی خریدوفروخت کی اوسط (فیصد میں) | ادائیگی کی شرح (ڈالر فی یونٹ) |
|---|---|---|---|
| جو | بُشل | 63 | 0.54 ڈالر |
| مکئی | بُشل | 40 | 0.58 ڈالر |
| کپاس<br>(گرم علاقوں کی | پاؤنڈ | 46 | 0.08 ڈالر |
| سُرغو | بُشل | 55 | 0.56 ڈالر |
| سویابین | بُشل | 54 | 0.58 ڈالر |
| سورج مکھی | پاؤنڈ | 44 | 0.02 ڈالر |
| گندم (تمام اقسام) | بُشل | 73 | 0.54 ڈالر |

## برائلر اور انڈے

برائلر کے لیے ادائیگیاں 1.01 ڈالر فی پرندے کے حساب سے پیداکار کی 2019 میں برائلر کی پیداوار کی قیمت کے 75 فیصد کے برابر ہوں گی۔
انڈوں کے لیے ادائیگیاں سی سی سی کی ادائیگی کی شرح کے حساب سے پیداکار کی 2019 میں انڈوں کی پیداوار کی قیمت کے 75 فیصد کے برابر ہوں گی۔

| جنس | ماپنے کا پیمانہ | ادائیگی کی شرح (ڈالر فی یونٹ) |
|---|---|---|
| خول والے انڈے | درجن | 0.05 ڈالر |
| مائع انڈے | پاؤنڈ | 0.04 ڈالر |
| خشک انڈے | پاؤنڈ | 0.14 ڈالر |
| منجمد انڈے | پاؤنڈ | 0.05 ڈالرر |

## ڈیری مصنوعات

ڈیری (گائے کے دودھ) مصنوعات پر ادائیگی درج ذیل کے مجموعے کے برابر ہو گی۔
- 1.20 ڈالر فی ہنڈرڈویٹ (سو پاؤنڈ کے مساوی) کے حساب سے یکم اپریل 2020سے 31 اگست 2020 تک پیداکار کی دودھ کی مجموعی پیداوار۔
- 1.20 ڈالر فی ہنڈرڈویٹ (سو پاؤنڈ کے مساوی) کے حساب سے یکم ستمبر 2020 سے 31 دسمبر تک پیداکار کی دودھ کی مجموعی پیداوار کا تخمینہ۔ ایف ایس اے یکم اپریل سے 31 اگست 2020 تک پیداکار کی روزانہ اوسط پیداوار کی بنیاد پر یہ تخمینہ لگائے گا جسے یکم ستمبر 2020 سے 31 دسمبر 2020 تک منڈی میں دودھ پہنچانے کے ایام سے ضرب دے کر معاوضے کی رقم طے کی جائے گی۔

سی ایف اے پی 2 کے تحت ادائیگیوں کی درخواست دینے والے ڈیری کاروباروں پر لازم ہے کہ وہ درخواست دیے جانے کے وقت تجارتی پیمانے پر دودھ پیدا کرنے اور اس کی خریدوفروخت کے عمل کا حصہ ہوں۔ یکم ستمبر 2020 یا اس کے بعد تحلیل ہو جانے والے ڈیری کاروبار یکم ستمبر 2020 سے 31 دسمبر 2020 کے درمیان دودھ کے تجارتی لین دین کی سرگرمیوں پر مشتمل ایام کے لیے تخمینے کی بنیاد پر معاوضے کی رقم کے حصول کے اہل ہیں۔

## درآمدی اشیا کی قیمت کا مقابلہ کرنے کے لیے مقرر کردہ مخصوص قیمت والے مویشی

ایسے مویشیوں کے لیے ادائیگیوں کی بنیاد ان کی مخصوص تعداد کی بنیاد پر ہو گی جس کا تعین یوں ہو گا:
- ادائیگی کے اہل پیداکار کی جانب سے 16 اپریل سے 31 اگست 2020 کے درمیانی عرصہ میں کسی بھی منتخب موقع پر ادائیگی کی ذیل میں آنے والے مویشیوں کی زیادہ سے زیادہ ملکیتی تعداد جس میں نسل کشی کے لیے استعمال ہونے والے جانور شامل نہ ہوں، یا
- یو ایس ڈی اے کی جانب سے تعین کردہ ہر قسم کے مویشیوں کی زیادہ سے زیادہ ملکیتی تعداد

| جنس | ماپنے کا پیمانہ | ادائیگی کی شرح (ڈالر فی یونٹ) |
|---|---|---|
| گوشت کے لیے پالے جانے والے بڑے جانور (بیف) | فی جانور | 55 ڈالر |
| سور | فی جانور | 23 ڈالر |
| میمنے اور بھیڑیں | فی جانور | 27 ڈالر |

## مویشی پالنے والوں کے لیے سی ایف اے پی 1 کے تحت اضافی ادائیگیاں

مستحکم مدبندی کا قانون 2021 مویشی پالنے والوں کو سی ایف اے پی کی اضافی معاونت کی فراہمی ممکن بناتا ہے۔ یہ ادائیگی 16 اپریل 2020 سے 14 مئی 2020 کے درمیان کسی پیداکار کے پاس مویشیوں کی مجموعی تعداد کے مساوی ہو گی۔ منظور شدہ سی ایف اے پی 1 درخواستوں والے مویشی بانوں کو خودبخود یہ ادائیگیاں ہو جائیں گی۔ اس سلسلے میں درج ذیل شرح سے ادائیگیاں کی جائیں گی:

| قابل ادائیگی جنس | ماپنے کا پیمانہ |
|---|---|
| پرورش پانے والے مویشی: 600 پاؤنڈ سے کم وزن والے | 7 ڈالر فی جانور |
| پرورش پانے والے مویشی: 600 پاؤنڈ یا اس سے زیادہ وزن والے | 25.50 ڈالر فی جانور |
| ذبح کیے جانے کے قابل مویشی: تیار شدہ | 63 ڈالر فی جانور |
| ذبح کیے جانے کے قابل مویشی: پختہ عمر کو پہنچنے والے | 14.75 ڈالر فی جانور |
| تمام دیگر مویشی | 17.25 ڈالر فی جانور |

## معین نرخ والی فصلیں

معین قیمت والی فصلوں کے لیے ادائیگیاں 2020 کے ضوابط کے تحت 15 ڈالر فی ایکڑ کے حساب سے کسی فصل کے بیان کردہ یا متعین زیر کاشت رقبے کو مدنظر رکھ کر کی جائیں گی۔ ممنوعہ فصلیں اور تجرباتی طور پر کاشت کیا جانے والا رقبہ اس میں شامل نہیں ہو گا۔

## قابل فروخت اجناس

قابل فروخت اجناس کے لیے ادائیگیاں فروخت کو مدنظر رکھ کر وضع کردہ طریقہ کار کے ذریعے ہوں گی۔ اس کی بنیاد ادائیگی کے پانچ درجوں پر ہو گی جن کا تعلق پیداکار کی 2019 میں فروخت سے ہو گا۔ اس کے ساتھ ساتھ فصل کی حفاظت کے اقدامات کو بھی مدنظر رکھا جائے گا جن میں انشورنس کے بغیر اگائی جانے والی فصل کی تباہی کے حوالے سے معاونتی پروگرام اور 2019 میں جنگل کی آگ اور طوفانوں سے فصلوں کی حفاظت کے پروگرام کے تحت کی جانے والی ادائیگیاں بھی شامل ہوں گی۔



| قابل فروخت اجناس کے لیے ادائیگی کی شرح | |
|---|---|
| 2019 میں فروخت کے مدارج | فیصد ادائیگی |
| 49.999 ڈالر تک | 10.6 |
| 50,000 سے 99,999 ڈالر تک | 9.9 |
| 100,000 سے 499,999 ڈالر تک | 9.7 |
| 500,000 سے 999,999 ڈالر تک | 9.0 |
| 10 لاکھ سے زیادہ تمام فروخت | 8.8 |

**مثال:** 2019 میں اگر کسی پیداکار کی قابل ادائیگی اجناس کی مجموعی فروخت 75,000 ڈالر تھی۔ اسے ادائیگی (49,999 ڈالر کے 10.6 فیصد) جمع (25,001 ڈالر کے 9.9 فیصد) کے حساب سے 7,775 ڈالر ہو گی۔

**ٹھیکے پر اجناس پیدا کرنے والوں کو ادائیگی کا طریقہ کار**

یکم جنوری 2019 سے 27 دسمبر 2019 تک وصول کردہ **قابل ادائیگی آمدنی**
یکم جنوری 2020 سے 27 دسمبر 2020 تک وصول کردہ **قابل ادائیگی آمدنی**

---

قابل ادائیگی آمدنی x 80 فیصد کا **فرق**

## قطاروں کی صورت میں فصل پیدا کرنے والوں کے لیے اضافی ادائیگی

مستحکم مدبندی کا قانون 2021 درآمدی اشیا کی قیمت کا مقابلہ کرنے کے لیے مقرر کردہ مخصوص نرخ والی اجناس اور معین قیمت والی اجناس کے پیداکاروں کو سی ایف اے پی کے تحت اضافی مالی معاونت کی فراہمی ممکن بناتا ہے۔ یہ ادائیگی 20 ڈالر فی ایکڑ کے حساب سے قابل ادائیگی زمین (ایکڑوں) پر کی جاتی ہے۔ ایف ایس اے رقوم کے حصول کے اہل پیداکاروں کو ان کی سی ایف اے پی 2 کے لیے دی گئی درخواستوں میں بتائی گئی قابل ادائیگی زمین (ایکڑوں) کی بنیاد پر خود بخود ادائیگیاں کرے گا۔ پہلے ہی سی ایف اے پی 2 کے لیے درخواست دینے والے اہل پیداکاروں کو اس رقم کے حصول کے لیے نئی درخواست جمع کرانے کی ضرورت نہیں۔

## 2020 کے نئے پیداکار

برائلر، انڈوں اور قابل فروخت اجناس کے ایسے پیداکاروں کو مندرجہ بالا طریقہ ہائے کار کے تحت ادائیگیاں نہیں ہو سکتیں جنہوں نے 2020 میں فارمنگ شروع کی ہو اور 2019 میں انہوں نے کوئی پیداوارحاصل یا فروخت نہ کی ہو۔

ایسے پیداکاروں کو ادائیگیوں کی بنیاد ان کی 2020 میں اصل پیداواریا فروخت کی بنیاد پر ہو گی اور اس سلسلے میں ادائیگی کی درخواست دیے جانے تک کے عرصہ کو مدنظر رکھا جائے گا۔

## ادائیگی کی حد

سی ایف اے پی 2 کے تحت ادائیگیاں فی کس کے حساب سے ہی ہو سکتی ہیں اور قانونی حیثیت کے حامل ادارے کو ادا کی جانے والی رقم کی حد 250,000 ڈالر ہے۔ تمام قابل ادائیگی اجناس کے لیے سی ایف اے پی 2 کے تحت ادائیگیوں کی مجموعی رقم پر اس حد کا اطلاق ہوتا ہے۔

دیگر ایف ایس اے پروگراموں سے برعکس خصوصی ادائیگی کی حد کے ضوابط کا اطلاق اس پروگرام سے استفادہ کرنے والے ایسے اداروں پر ہوتا ہے جن کی حیثیت کاروباری اداروں، محدود ذمہ داری والی کمپنیوں، محدود شراکتوں (کاروباری اداروں) ٹرسٹ اور اسٹیٹ کی ہو۔ قانونی حیثیت کے حامل یہ ادارے اپنے ارکان کی تعداد (جو تین سے زیادہ نہ ہو) کی بنیاد پر 750,000 ڈالر تک وصول کر سکتے ہیں۔ یہ ارکان ایسے ہونے چاہئیں جو ادارے میں کم از کم 400 گھنٹے ذاتی حیثیت سے فعال محنت یا ذاتی حیثیت سے فعال انتظامی ذمہ داری انجام دیتے ہوں۔

**قانونی حیثیت کے حامل ادارے میں:**

- ایک رکن ہونے کی صورت میں ادائیگی کی حد 250,000 ڈالر ہے۔
- دو ارکان ہونے کی صورت میں اس ادارے کے لیے ادائیگی کی حد 500,000 ڈالر ہے بشرطیکہ دونوں ارکان ادارے میں کم از کم 400 گھنٹے ذاتی حیثیت سے فعال محنت یا ذاتی حیثیت سے فعال انتظامی ذمہ داری انجام دیتے ہوں یا کاروباری ادارے کی کارروائی کے سلسلے میں بیک وقت یہ دونوں کام کرتے ہوں۔
- تین ارکان ہونے کی صورت میں ادائیگی کی حد 750,000 ڈالر ہے بشرطیکہ تینوں ارکان ادارے میں کم از کم 400 گھنٹے ذاتی حیثیت سے فعال محنت یا ذاتی حیثیت سے فعال انتظامی ذمہ داری انجام دیتے ہوں یا کاروباری ادارے کی کارروائی کے سلسلے میں بیک وقت یہ دونوں کام کرتے ہوں۔

سی ایف اے پی 2 کے تحت ادائیگی کی حد سی ایف اے پی 1 کے تحت ادائیگی کی حد سے الگ ہے۔

پودوں کی قطاروں کی صورت میں اگائی جانے والی فصل اور مویشیوں کے پیداکاروں کے لیے اضافی امداد کے اجرا کی صورت میں سی ایف اے پی کے درخواست گزار کاروباری ادارے، محدود ذمہ داری کی کمپنی، محدود شراکت، ٹرسٹ یا اسٹیٹ کے پاس ایسے ادارے کے اُن ارکان کے لیے ادائیگی کی حد 250,000 سے بڑھانے کے لیے کہنے کا انتخاب موجود ہو گا جو ادارے میں کم از کم 400 گھنٹے ذاتی حیثیت سے فعال محنت یا ذاتی حیثیت سے فعال انتظامی ذمہ داری انجام دیتے ہوں۔ ایسے ارکان کی تعداد تین سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔ قانونی حیثیت کے حامل ادارے کا مجاز نمائندہ ایف ایس اے کے مقامی عملے سے رابطہ کر کے قبل ازیں سی ایف اے پی 1 یا 2 کے لیے لکھی گئی درخواست پر نظرثانی کرے گا۔



## درخواست کہاں دی جائے

ایف ایس اے کا عملہ آپ کے مقامی یو ایس ڈی اے خدمت مرکز میں پیداکاروں کے ساتھ مل کر درخواستیں دینے کے عمل میں معاونت کرے گا۔ یہ درخواستیں بذریعہ ڈاک، فیکس، دستی یا الیکٹرانک ذرائع سے بھی دی جا سکتی ہیں۔ براہ مہربانی الیکٹرانک ذریعے سے درخواست دینے سے پہلے اپنے مقامی دفتر سے رابطہ کیجیے۔

سی ایف اے پی 2 کی درخواست اور متعلقہ فارم **farmers.gov/cfap** پر آن لائن دستیاب ہیں۔

## مدد کے لیے کس سے رابطہ کیا جائے

مزید برآں، سی ایف اے پی 2 درخواست کے ساتھ براہ راست مدد کے حصول میں دلچسپی رکھنے والے پیداکار یو ایس ڈی اے کے ملازم سے براہ راست بات کرنے کے لیے ہمارے کال سنٹر پر **877-508-8364** پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ محکمے کا ملازم ان کی معاونت کے لیے تیار ہو گا۔

## مزید معلومات

یہ حقائق نامہ صرف معلوماتی مقاصد کے لیے ہے۔ اس معاملے میں دیگر پابندیوں کا اطلاق بھی ہو سکتا ہے، سی ایف اے پی پروگرام سے متعلق مزید معلومات کے لیے **farmers.gov/cfap** پر وزٹ کیجیے یا اپنے مقامی ایف ایس اے دفتر سے رابطہ کیجیے۔ اپنا مقامی ایف ایس اے دفتر ڈھونڈنے کے لیے **farmers.gov/service-locator** پر وزٹ کیجیے۔


یوایس ایڈ مساوی مواقع فراہم کرنے والا، آجر اور قرض دہندہ ہے۔